19واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز سوموار 16 دسمبر 2024

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ آبکاری، محصولات وانسداد منشیات

## ٹوبہ ٹیک سنگھ: محکمہ آبکاری و محصولات میں اسامیوں کی تعداد اور تعینات عملہ سے متعلق تفصیلات

*322: **جناب امجد علی جاوید:** کیا وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں آبکاری و محصولات کے دفاتر میں کل کتنی اسامیاں ہیں کتنی اسامیاں خالی ہیں ان کی سکیل وائز تفصیلات فراہم کریں؟

(ب) آبکاری و محصولات ٹوبہ ٹیک سنگھ میں تعینات عملہ کب سے موجود ہے کن پوسٹوں پر تعینات ہے سکیل وائز تفصیلات فراہم کریں۔

(ج) محکمہ آبکاری و محصولات ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کا سال 2023 کے لیے بجٹ کتنا تھا۔

(تاریخ وصولی 02 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 03 مئی 2024)

## جواب

**وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات**

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں آبکاری و محصولات کے دفاتر میں آسامیوں کی کل تعداد 46 ہے۔ جن میں خالی آسامیوں کی تعداد 16 ہے۔ سکیل وائز تفصیل درج ذیل ہے۔

| سیریل نمبر | نام عہدہ | بنیادی سکیل | منظور شدہ آسامیاں | خالی آسامیاں |
|---|---|---|---|---|
| 1. | ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر | 17 | 2 | 1 |
| 2. | اسسٹنٹ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر | 16 | 1 | 1 |
| 3. | ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن انسپکٹر | 16 | 11 | 3 |
| 4. | سٹینو گرافر | 12 | 1 | 1 |
| 5. | اسسٹنٹ | 16 | 1 | 1 |
| 6. | سینئر کلرک | 14 | 1 | 1 |
| 7. | جونیئر کلرک | 11 | 9 | 1 |
| 8. | کانسٹیبل | 05 | 17 | 7 |
| 9. | ڈرائیور | 05 | 1 | 0 |
| 10. | چوکیدار | 02 | 1 | 0 |
| 11. | خاکروب | 01 | 1 | 0 |
| ٹوٹل | | | 46 | 16 |

(ب) محکمہ آبکاری و محصولات ٹوبہ ٹیک سنگھ میں مختلف پوسٹوں پر تعینات عملہ کا دورانیہ اور سکیل وائز تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) محکمہ آبکاری و محصولات ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے بجٹ سال 2023 کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 27 اگست 2024)

## ٹوبہ ٹیک سنگھ: منشیات، اس کی خرید فروخت اور برآمدگی سے متعلق تفصیلات

*323: **جناب امجد علی جاوید**: کیا وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ انسداد منشیات اور اس کی خرید و فروخت کے خلاف کارروائی اور اجازت نامے بھی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی ذمہ داری ہے؟

(ب) سال 24-2023 میں ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کتنی منشیات برآمد کی گئی اور کتنے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کی گئی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) کیا برآمد شدہ تمام منشیات تلف کر دی گئی تو اس کی نگرانی کس اتھارٹی نے کی اگر تلف نہیں کی گئی تو اس کی وجوہات بیان کی جائیں۔

(تاریخ وصولی 02 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 03 مئی 2024)

### جواب

**وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات**

(الف) جی ہاں درست ہے کہ انسداد منشیات کے خلاف کارروائی کا محکمہ کو اختیار ہے۔ تاہم دیگر ادارے بھی منشیات کے خلاف کارروائی اپنے دائرہ اختیار میں رہتے ہوئے کرتے ہیں۔

(ب) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کی طرف سے سال 24-2023 میں منشیات فروشوں کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی گئی اس کی وجہ یہ ہے کہ محکمہ آبکاری و محصولات کی انسداد منشیات پولیس فورس ابھی نہ بنی ہے۔ فورس کو بنانے پر تیزی سے کام جاری ہے۔ انسدادِ منشیات کی فورس بننے کے بعد محکمہ منشیات فروشوں کے خلاف اپنی سرگرمیاں بھرپور طریقے سے ادا کر سکے گا۔

(ج) منشیات تلفی کے عمل کی نگرانی محکمہ اینٹی نارکوٹکس فورس کرتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 27 اگست 2024)

## لاہور: تحصیل رائیونڈ میں ٹیکس وصولی اور عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ سے متعلق تفصیلات

*576: **جناب احمر بھٹی**: کیا وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) تحصیل رائیونڈ سے حکومت سالانہ کتنا ٹیکس وصول کرتی ہے اور کون کون سے محکمہ جات ٹیکس وصول کرتے ہیں۔

(ب)حاصل کردہ ٹیکس سال2022اور2023میں سے کتنا ٹیکس تحصیل رائیونڈ کے عوام کی فلاح وبہبود پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیلات سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی29اپریل2024 تاریخ ترسیل30مئی2024)

## جواب

**وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات**

(الف) محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹیکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (ریجن بی) لاہور نے پراپرٹی ٹیکس کی مد میں تحصیل رائیونڈ سے مبلغ 1,06,68,25,270 روپے(ایک ارب6کروڑ68لاکھ25ہزار270روپے)مالی سال23-2022میں وصول کیے۔

(ب) تحصیل رائیونڈ کے عوام کی فلاح وبہبود کے لیے معمول کے کاموں کے ساتھ ساتھ بہت سے ترقیاتی کام بھی کیے گئے ہیں، جن میں متعلقہ محکمہ جات جیسا کہ ہاؤسنگ، محکمہ مقامی حکومت اور سماجی ترقی شامل ہیں۔ جن کی تفصیل متعلقہ محکمہ جات سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب12اگست2024)

**ٹوبہ ٹیک سنگھ: تحصیل کمالیہ وپیر محل میں محکمہ آبکاری ومحصولات کے ملازمین اوران کے فرائض سے متعلق تفصیلات**

*640: **محترمہ آشفہ ریاض:** کیاوزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) تحصیل کمالیہ اور پیر محل کی حدود میں محکمہ آبکاری، محصولات کے جو ملازمین کام کر رہے ہیں ان کے نام، عہدہ، گریڈ کی مکمل تفصیلات سے آگاہ فرمائیں۔

(ب)ان کے دفاتر کہاں کہاں ہیں اوران ملازمین کو کیا کیا سہولیات میسر ہیں۔

(ج)ان ملازمین کے فرائض کیاہیں۔

(د) یہ ملازمین ٹیکس کی وصولی بارے میں کیا اقدامات اٹھارہے ہیں۔

(ہ) یہ ٹیکس کن کن اداروں / فیکٹریوں سے وصول کر رہے ہیں۔

(تاریخ وصولی30اپریل2024 تاریخ ترسیل05جون2024)

## جواب

**وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات**

(الف)

| | |
|---|---|
| تحصیل کمالیہ | عامر علی، انسپکٹر (گریڈ 16) |
| | عبدالرحمن ساجد، جونیئر کلرک (گریڈ 11) |

| | |
|---|---|
| | احمد دین، کانسٹیبل (گریڈ 5) |
| پیر محل | محمد اجمل، انسپکٹر (گریڈ 16) |
| | ثاقب رضا، جونیئر کلرک (گریڈ (11) |

(ب) تحصیل کمالیہ کا دفتر ذیشان کالونی میں واقع ہے جبکہ تحصیل پیر محل کا دفتر صدر بلاک میں واقع ہے۔ ان ملازمین کو دفتری ضروریات کی سہولیات جیسا کہ کمپیوٹر سسٹم، فرنیچر، سٹیشنری وغیرہ میسر ہیں۔

(ج) گورنمنٹ کے جاری کردہ قوانین و قواعد کے مطابق محصولات تجویز و تشخیص اور انکی وصولی کرنا۔ ان محصولات میں پراپرٹی ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، اور "شاہرات سے متصلہ جائیداد پر پنجاب ٹیکس" شامل ہیں۔

(د) یہ ملازمین ٹیکس وصولی کے لیے درج ذیل اقدامات اٹھارہے ہیں: یہ مختلف قانونی نوٹسز برائے تشخیص و وصولی، ٹیکس گزاران تک ترسیل اور نادہندگان کے خلاف عدم ادائیگی کی صورت میں قانون و قاعدہ کے مطابق کارروائی عمل میں لانا

(ہ) پراپرٹی ٹیکس اندرون حدود کمیٹی، اور پروفیشنل ٹیکس گورنمنٹ کی مجوزہ کاروبار اور پیشہ جات اور شاہرات سے متصلہ جائیدادوں سے پنجاب ٹیکس کی وصولی۔ تحصیل کمالیہ میں اندرون حدود کمیٹی میں جائیداد پر ٹیکس کی مد میں 16،718 گھریلو / کمرشل / انڈسٹریل جائیدادوں پر 25,354,100 (2 کروڑ 53 لاکھ 54 ہزار 1 سو روپے) ٹیکس برائے مالی سال 24-2023 تشخیص کیا گیا ہے۔ جبکہ تحصیل پیر محل میں اندرون حدود کمیٹی میں جائیداد پر ٹیکس کی مد میں 6،390 گھریلو / کمرشل / انڈسٹریل جائیدادوں 21,074,500 (2 کروڑ 10 لاکھ 74 ہزار 5 سو روپے) ٹیکس برائے مالی سال 24-2023 تشخیص کیا گیا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 27 اگست 2024)

## گاڑیوں اور موٹر سائیکل کی نمبر پلیٹس اوپن مارکیٹ سے بنوانے سے متعلق تفصیلات

*894: **محترمہ حناء پرویز بٹ:** کیا وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت نے موٹر سائیکل کی رجسٹریشن فیس میں کمی کر دی ہے لیکن نمبر پلیٹ تیار کرنے والے پلانٹ کے بند ہونے کی وجہ سے تاحال گاڑیوں کے نمبر پلیٹ کا مسئلہ حل نہ ہوا ہے۔

(ب) اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت گاڑیوں اور موٹر سائیکل مالکان کو نمبر پلیٹس از خود اوپن مارکیٹ سے بنوانے کی اجازت دینے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک نہیں تو وجوہات سے آگاہ فرمایا جائے۔

(تاریخ وصولی 17 مئی 2024 تاریخ ترسیل 27 جون 2024)

## جواب

**وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات**

(الف، ب) حکومت کی جانب سے کوئی کمی نہ کی گئی ہے اور نہ ہی کوئی اضافہ کیا گیا ہے۔ تاہم نمبر پلیٹ کی فراہمی کے مجوزہ طریقہ کار میں موٹر وہیکل مالکان کو درپیش مشکلات کی وجہ سے حکومت کی ہدایت پر محکمہ نے نمبر پلیٹ کی قیمت مئی 2024 سے وصول کرنا ختم کر دی ہے اور اب موٹر وہیکل مالکان محکمہ کے جاری کردہ نمونہ جات کے مطابق مارکیٹ سے نمبر پلیٹ بنوا سکتے ہیں۔ جو موٹر وہیکل مالکان نمبر پلیٹ کی فیس ادا کر چکے ہیں ان کو NRTC کے فراہم کردہ شیڈول کے مطابق 10 اکتوبر 2024 تک نمبر پلیٹ کی فراہمی ان کے دیے گئے پتہ پر یقینی بنائی جائے گی

<u>(تاریخ وصولی جواب 13 دسمبر 2024)</u>

# صوبہ بھر میں پراپرٹی ٹیکس کی تشخیص اور غلط / زیادہ ٹیکسز کی صورت میں اپیل اور طریق کار سے متعلق تفصیلات

* 953: **سید رفعت محمود**: کیا وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پراپرٹی ٹیکس کی تشخیص کا موجودہ طریق کار کیا ہے؟

(ب) غلط یا زیادہ ٹیکس لگ جانے کی صورت میں اپیل کے لیے ٹیکس کی رقم کا کتنے فیصد جمع کرانا ضروری ہوتا ہے تفصیل سے آگاہ کیا جائے۔

(تاریخ وصولی 21 مئی 2024 تاریخ ترسیل 02 ستمبر 2024)

## جواب

**وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات**

(الف) پراپرٹی ٹیکس کی تشخیص کا موجودہ طریقہ کسی خاص شہری علاقے میں مناسب اور متوقع سالانہ کرایہ داری کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ پراپرٹی ٹیکس اخذ کرنے کی غرض سے پراپرٹیز کو رہائشی اور کمرشل میں تقسیم کیا جاتا ہے جس میں مزید تقسیم ذاتی استعمال اور کرایہ داری کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ مختلف علاقوں کی متوقع کرایہ داری کی بنیاد پر 07 (A to G) درجہ بندی کی گئی ہے۔ ہر شہری جائیداد کے کل رقبے اور تعمیر شدہ رقبے کو جمع کر کے اس کی متعلقہ کیٹیگری کے ریٹس سے ضرب دینے کے بعد ماہانہ تشخیص نکال سکتا ہے پھر اس کو 12 سے ضرب دینے سے سالانہ تشخیص معلوم کی جاتی ہے۔ سالانہ تشخیص کا صرف 5 فیصد سالانہ ٹیکس مقرر ہوتا ہے۔ گریڈ 17 کا ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر بطور اسیسنگ اتھارٹی کے فرائض سرانجام دیتا ہے جس کے فیصلے کے خلاف اپیل کے لیے ڈائریکٹر کا فورم موجود ہوتا ہے۔

(ب) بمطابق پراپرٹی ٹیکس ایکٹ 1958 کی دفعہ 11 کے تحت اپیل دائر کرنے کے لئے مکمل پراپرٹی ٹیکس جمع کروانا ضروری ہے لیکن اپیلنٹ یا درخواست دھندہ کی سہولت کو مد نظر رکھتے ہوئے بعض دفعہ مکمل ٹیکس بعض دفعہ آدھا ٹیکس، بعض دفعہ ایک چوتھائی ٹیکس جمع کروا کر اپیل فائل کر لی جاتی ہے۔ قانون میں سالانہ واجب الاداء ٹیکس کو دو حصوں میں جمع کروانے کی سہولت بھی دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 دسمبر 2024)

## جہلم: پی پی 24 میں رجسٹرڈ گاڑیوں کی تعداد اور ریونیو سے متعلق تفصیلات

*957: **سید رفعت محمود**: کیا وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع جہلم میں اس وقت رجسٹرڈ گاڑیوں کی تعداد کتنی ہیں؟

(ب) 2023 میں کتنی گاڑیاں رجسٹرڈ ہوئی ہیں۔

(ج) سال 2023 اور 2024 میں ہر سال کے حساب سے جو ریونیو جمع ہوا اس کی تفصیل بتائی جائے۔

(تاریخ وصولی 21 مئی 2024 تاریخ ترسیل 04 ستمبر 2024)

### جواب

**وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات**

(الف) ضلع جہلم میں رجسٹرڈ گاڑیوں کی تعداد 189,396 ہے۔

(ب) مالی سال 2023 میں ضلع جہلم میں 13843 گاڑیاں رجسٹر ہوئی ہیں۔

(ج) مالی سال 2023 میں مبلغ 3,22,252,728 ریونیو جمع ہوا ہے اور مالی سال 2024 میں مبلغ 3,28,520,665 ریونیو جمع ہوا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 دسمبر 2024)

## منڈی بہاؤالدین ضلع بھر میں محکمہ ایکسائز کے دفاتر کی تعداد اور ملازمین کی تعداد و آمدن سے متعلق تفصیلات

*965: **محترمہ زرناب شیر**: کیا وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع منڈی بہاوالدین میں محکمہ ایکسائز کے کتنے دفاتر کس کس جگہ ہیں ان میں کیا کیا فرائض سرانجام دیئے جا رہے ہیں؟

(ب) ان میں کتنے ملازمین عہدہ و گریڈ وائز کام کر رہے ہیں ان کے نام و پتہ جات بتائیں۔

(ج) کتنے ملازمین پراپرٹی ٹیکس کی وصولی پر تعینات ہیں کتنے ملازمین ہوٹلوں سے ٹیکس وصولی پر تعینات ہیں کتنے ملازمین گاڑیوں کے ٹیکس ور جسٹریشن ٹیکس وصولی کا کام سرانجام دے رہے ہیں۔

(د) اس ضلع سے سال 23-2022 اور 24-2023 میں کتنی آمدن ہوئی ہے تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 21 مئی 2024 تاریخ ترسیل 04 ستمبر 2024)

## جواب

### وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات

(الف) ضلع منڈی بہاؤالدین میں محکمہ ایکسائز کے تین دفاتر ہیں۔

منڈی بہاؤالدین میں مرکزی ڈسٹرکٹ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس ہے جبکہ پھالیہ اور ملکوال میں ذیلی دفاتر ہیں۔

مرکزی دفتر منڈی بہاوالدین میں موٹر رجسٹریشن کے متعلق تمام سروسز جیسا کہ گاڑیوں کی نیو رجسٹریشن، ٹرانسفر ملکیت اور ٹوکن ٹیکس کے علاوہ پراپرٹی ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس اور ایکسائز ڈیوٹی کی تشخیص اور وصولی کی جاتی ہے۔

جبکہ ذیلی دفتر پھالیہ اور ذیلی دفتر ملکوال میں پراپرٹی ٹیکس اور پروفیشنل ٹیکس کی تشخیص اور وصولی کی جاتی ہے۔

(ب) ضلع منڈی بہاؤالدین کے مرکزی دفتر ایکسائز و ٹیکسیشن اور اس کے ذیلی دفاتر میں میں درج ذیل ملازمین کام کر رہے ہیں۔ سکیل وائز تفصیل (جھنڈی۔ الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) ضلع میں پراپرٹی ٹیکس کی وصولی پر (5) پانچ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن انسپکٹر ایک کلرک اور پانچ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کانسٹیبل تعینات ہیں۔ گاڑیوں کی رجسٹریشن اور ٹرانسفر پر 2 ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن انسپکٹر ایک سپروائزر ایک ڈیٹا انٹری آپریٹر ایک جونیئر کلرک اور تین ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کانسٹیبل مامور ہیں۔ جبکہ حکومت نے ہوٹل ٹیکس وصولی کی بابت محکمہ ایکسائز و ٹیکسیشن سے اختیار واپس لے لیا ہے اور محکمہ ہوٹل ٹیکس وصولی نہ کر رہا ہے۔

(د) سال 23۔2022 میں = 234923731/۔ روپے محکمہ نے ووصول کیے۔

سال 24۔ 2023 میں = 260322133/۔ روپے محکمہ نے وصول کیے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 دسمبر 2024)

## راجن پور منشیات کی روک تھام نار کو ٹیکس کے اقدامات سے متعلق تفصیلات

***1242: سردار محمد اویس دریشک:** کیا وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع راجن پور میں منشیات کی روک تھام کے لیے نارکو ٹیکس کنٹرول کے آفس کہاں کہاں پر ہیں؟

(ب) اگر مذکورہ بالا آفس موجود نہیں تو حکومت کب تک راجن پور میں منشیات کی روک تھام کیلئے نارکو ٹکس کنٹرول کا دفتر بنانا چاہتی ہے۔

(ج) حلقہ پی پی 296 میں منشیات کی روک تھام کیلئے حکومت کیا اقدامات اٹھا رہی ہے اور منشیات کی سپلائی اور روک تھام کیلئے مزید کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل سے ایوان کو آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 10 جون 2024 تاریخ ترسیل 07 اگست 2024)

## جواب

**وزیر آبکاری، محصولات وانسدادمنشیات**

(الف) ضلع راجن پور میں فی الحال نارکوٹکس کنٹرول کا کوئی دفتر موجود نہیں ہے۔

(ب) محکمہ نے نارکوٹکس کنٹرول کے دفاتر قائم کرنے کے حوالے سے چند اقدامات کئے ہین جو کہ نافذالعمل ہونے کے مراحل میں ہیں۔ ابتدائی طور پر صوبہ پنجاب کے ہر ڈویژن کی سطح پر نارکوٹکس کنٹرول کے دفاتر اور تھانے قائم کئے جارہے ہیں، جن کا دائرہ اختیار متعلقہ ڈویژن کے تمام اضلاع تک ہوگا۔ دوسرے مرحلے میں صوبے کے ہر ضلع، بشمول راجن پور، میں نارکوٹکس کنٹرول کے دفاتر اور تھانے قائم کئے جائیں گے۔

(ج) پنجاب میں محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول کے تحت انسدادِ منشیات کے لئے ایک علیحدہ ونگ قائم کیا جارہا ہے جو پنجاب کے تمام ڈویژنز میں نارکوٹکس کنٹرول پولیس اسٹیشن کے ذریعے منشیات کے مکروہ دھندے کو کنٹرول کرے گا۔ اس کے قیام کے ساتھ راجن پور سمیت تمام اضلاع میں نارکوٹکس کنٹرول فورس متحرک ہوجائے گی۔

(تاریخ وصولی جواب 13 دسمبر 2024)

## راجن پور محکمہ ایکسائز کے دفاتر اور ایکسائز انسپکٹر کی اسامیوں سے متعلق تفصیلات

*1248: **سردار محمد اویس دریشک:** کیا وزیر آبکاری، محصولات وانسدادمنشیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع راجن پور میں محکمہ ایکسائز کے کتنے دفاتر کس کس جگہ کام کررہے ہیں؟

(ب) مذکورہ ضلع میں انسپکٹر ایکسائز کی منظور شدہ اسامیاں کتنی ہیں نیز انسپکٹر ایکسائز کب سے تعینات ہیں۔

(ج) کتنی اسامیاں پر اور کتنی کب سے خالی ہیں ان کی مکمل تعداد سے آگاہ فرمائیں نیز مقامی ڈومیسائل کے کتنے افراد کتنے عرصہ سے اسی ضلع میں کام کررہے ہیں۔

(تاریخ وصولی 10 جون 2024 تاریخ ترسیل 07 اگست 2024)

## جواب

**وزیر آبکاری، محصولات وانسدادمنشیات**

(الف) ضلع راجن پور میں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے چار دفاتر ہیں، جن کی تفصیل یہ ہے۔

1: ضلعی دفتر راجن پور 2: سب آفس جام پور

3: سب آفس فاضل پور 4: سب آفس کوٹ مٹھن

(ب) ضلع راجن پور میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن انسپکٹر کی 5 منظور شدہ اسامیاں ہیں اور انسپکٹر ایکسائز بالترتیب 2024، 2023ء اور 2016ء سے تعینات ہیں۔

(ج) ضلع راجن پور میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن انسپکٹر کی 3 اسامیاں پر ہیں اور 2 اسامیاں 2001 سے خالی ہیں نیز مقامی ڈومیسائل کے 2 انسپکٹر 2016، 2024 سے ضلع میں تعینات ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 13 دسمبر 2024)

## ساہیوال ڈویژن میں محکمہ ایکسائز کے دفاتر اور آمدن سے متعلق تفصیلات

*1507: **جناب محمد ارشد ملک**: کیا وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ساہیوال ڈویژن میں محکمہ ایکسائز کے دفاتر کہاں کہاں ہیں ان کی تفصیل مع جگہ بتائیں؟

(ب) ان کی سال 2022 اور 2023 کی آمدن سے آگاہ فرمائیں؟

(ج) ان دفاتر کی آمدن کے ذرائع کون کونسے ہیں۔

(د) کیا پراپرٹی ٹیکس اور موٹر وہیکل رجسٹریشن ٹیکس بھی ان میں شامل ہیں، تو ان کی تفصیل مع پراپرٹی ٹیکس کن کن شہروں سے کس کس شرح سے وصول کیا جاتا ہے۔

(ہ) ان دفاتر میں تعینات ETO، A.E.T.O اور انسپکٹر کی تفصیل نام، گریڈ، عہدہ اور ڈومیسائل کی فراہم کریں۔

(تاریخ وصولی 29 جولائی 2024 تاریخ ترسیل 28 اگست 2024)

### جواب

### وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات

(الف) ساہیوال ڈویژن میں محکمہ ایکسائز کے مندرجہ ذیل دفاتر ہیں

1۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس فتح شیر روڈ ساہیوال
2۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس W/26 ہاؤسنگ کالونی چیچہ وطنی
3۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس ڈسٹرکٹ کمپلیکس اوکاڑہ
4۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس رینالہ خورد
5۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس دیپالپور
6۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس حویلی لکھا
7۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس بصیر پور
8۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس خیابان فرید کالونی پاکپتن
9۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس 157 بلاک ڈی عارفوالا

(ب) سال 2022 کی آمدن 923,034,396 روپے اور سال 2023 کی آمدن 1,048,537,247 روپے ہے۔

(ج) ان دفتر کی آمدن کے ذرائع:۔ پراپرٹی ٹیکس، موٹر وہیکل ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، کاٹن فیس اور ایکسائز ڈیوٹی ہے۔

(د) جی ہاں پراپرٹی ٹیکس اور موٹر وہیکل رجسٹریشن ٹیکس بھی ان میں شامل ہیں۔ پراپرٹی ٹیکس شہری غیر منقولہ جائیداد سے Rent Ability کی بنیاد پر وصول کیا جاتا ہے۔ موٹر وہیکل رجسٹریشن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| تفصیل نیو موٹر وہیکل رجسٹریشن | |
|---|---|
| موٹر سائیکل۔سکوٹر۔ | 70cc تک 1000 روپے<br>71cc سے 100cc۔1500 روپے<br>101cc سے۔125cc۔2000 روپے<br>126cc سے 150cc۔2500 روپے<br>150cc سے زائد گاڑی کی قیمت کا 2 فیصد |
| ٹریکٹر۔ٹرک۔بس۔رکشہ۔ٹیکسی | گاڑی کی قیمت کا 1 فیصد |
| ہارڈویسٹر۔فورک لفٹر۔روڈ رولر۔کرین۔سیورج صفائی مشین وغیرہ | 300 روپے |
| 1000cc سے کم | گاڑی کی قیمت کا 1 فیصد |
| 1000cc سے 2000cc تک | گاڑی کی قیمت کا 2 فیصد |
| 2000cc سے زیادہ | گاڑی کی قیمت کا 4 فیصد |

نیز پراپرٹی ٹیکس درج ذیل شہروں سے وصول کیا جاتا ہے۔

1۔ساہیوال شہر 2۔چیچہ وطنی شہر 3۔ہڑپہ شہر 4۔یوسف والا 5۔نور شاہ۔ 6۔کمیر
7۔مڈھالی شریف 8۔غازی آباد 9۔داد فتیانہ 10۔90 موڑ 11۔کسوال 12۔اقبال نگر
13۔پرانی چیچہ وطنی۔ 14۔اوکاڑہ شہر 15 رینالہ خورد شہر 16۔اختر آباد 17۔دیپالپور شہر۔
18۔حجرہ شاہ مقیم شہر۔ 19۔حویلی لکھا شہر۔ 20۔بصیر پور شہر 21۔منڈی احمد آباد۔ 22۔گوگیرہ۔
23۔پاکپتن شہر۔ 24۔عارفوالا شہر 25۔قبولہ۔ 26۔چوک مرلے۔ 27۔محمد نگر۔28۔اڈا بنگہ حیات 29۔اڈہ ملکہ ہانس
30 نور پور۔

(ہ) پراپرٹی ٹیکس کی وصولی کی شرح GARV (GROSS ANNUAL RENTAL VALUE) کا 5% ہے۔

| عہدہ | نام | گریڈ | ڈومیسائل | عہدہ | نام | گریڈ | ڈومیسائل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انسپکٹر | محمد افتخار | 16 | اوکاڑہ | ETO | سجاد حسین | 17 | جھنگ |
| انسپکٹر | عطاءاللہ شاہ | 16 | اوکاڑہ | ETO | مبشر ریاض | 17 | لاہور |
| انسپکٹر | شجاع ہمایوں | 16 | اوکاڑہ | AETO | ۔ | ۔ | ۔ |
| انسپکٹر | محمد سہیل | 16 | اوکاڑہ | انسپکٹر | رانا جاوید افتخار | 16 | پاکپتن |
| انسپکٹر | محمد اسلم | 16 | اوکاڑہ | انسپکٹر | محمد اسلم | 16 | ساہیوال |
| انسپکٹر | سعدیہ صدیق | 16 | اوکاڑہ | انسپکٹر | ذیشان عباس | 16 | ساہیوال |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انسپکٹر | محمد عرفان گجر | 16 | اوکاڑہ | انسپکٹر | فیض الرسول | 16 | ساہیوال |
| انسپکٹر | عمران خان وٹو | 16 | اوکاڑہ | انسپکٹر | محمد سہیل | 16 | ساہیوال |
| انسپکٹر | نصیر احمد | 16 | اوکاڑہ | انسپکٹر | محمد حسن خان | 16 | ساہیوال |
| انسپکٹر | محمد اشرف بھٹی | 16 | اوکاڑہ | انسپکٹر | ندیم احمد | 16 | ساہیوال |
| انسپکٹر | محمد دلشاد | 16 | پاکپتن | انسپکٹر | نوید رمضان | 16 | ساہیوال |
| انسپکٹر | نذیر احمد | 16 | پاکپتن | انسپکٹر | ذیشان اعظم | 16 | ساہیوال |
| انسپکٹر | محمد عابد شاہین | 16 | پاکپتن | انسپکٹر | شکیل مرید | 16 | ساہیوال |
| انسپکٹر | محمد یاسر منظور | 16 | پاکپتن | انسپکٹر | ہارون حبیب | 16 | ساہیوال |
| انسپکٹر | محمد مرتضی بھٹی | 16 | پاکپتن | انسپکٹر | فخر عباس | 16 | ساہیوال |
| انسپکٹر | غلام علی | 16 | پاکپتن | | | | |

(تاریخ وصولی جواب 13 دسمبر 2024)

## راجن پور تحصیل جام پور میں محکمہ ایکسائز کے موٹر برانچ کے دفاتر کی تعداد اور ریونیو سے متعلق تفصیلات

*1668: **محترمہ شازیہ عابد:** کیا وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع راجن پور تحصیل جام پور میں محکمہ ایکسائز کے موٹر برانچ کے کل کتنے دفاتر ہیں علاقہ وائز تفصیل بیان فرمائی جائے؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ آبادی کے لحاظ سے ایکسائز موٹر برانچ کے دفاتر بہت کم ہیں۔

(ج) دفاتر کی تعداد کم ہونے کی وجہ سے رش بہت ہو جاتا ہے لوگوں کی لمبی لائنیں لگی ہوتی ہیں۔

(د) مذکورہ ضلع کے دفتر نے موٹر گاڑیوں کے کاغذات کی مد میں 2023 سے آج تک کتنا ریونیو اکٹھا کیا ہے سال وائز تفصیل بیان فرمائی جائے۔

(تاریخ وصولی 05 ستمبر 2024 تاریخ ترسیل 09 اکتوبر 2024)

### جواب

**وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات**

(الف) ضلع راجن پور میں موٹر برانچ کا ایک دفتر ہے جو کہ راجن پور ضلعی ہیڈ کوارٹر میں ہے۔ تحصیل جام پور میں موٹر برانچ کا دفتر نہ ہے تاہم پراپرٹی ٹیکس و دیگر ٹیکسز کی وصولی کے لئے سب آفس موجود ہے۔

(ب) آبادی کے لحاظ سے موٹر رجسٹریشن کے دفاتر صرف ضلعی صدر مقامات میں ہیں تاہم عوامی سہولت کے پیش نظر محکمہ نے ٹوکن ٹیکس اور تبدیلی ملکیت کی درخواستیں آن لائن وصول کرنے کا انتظام کر رکھا ہے۔ جس کی وجہ سے گاڑی مالکان کو دفتر آنے کی ضرورت

نہ ہے محکمہ جلد ہی نیو رجسٹریشن پر بھی آن لائن ادائیگی اور رجسٹریشن کاغذات کی ترسیل بذریعہ دوطرفہ کوریئر کی سہولت فراہم کرنے جارہا ہے۔

(ج)راجن پور آبادی کے لحاظ سے چھوٹا ضلع ہے جس کی وجہ سے گاڑیوں کی رجسٹریشن کیلئے زیادہ رش نہیں ہوتا اور لوگوں کو لمبی قطاروں میں انتظار نہیں کرنا پڑتا مزید براں تبدیلی ملکیت اور ٹوکن ٹیکس کا طریقہ کار آن لائن ہونے کی وجہ سے بھی رش میں واضح کمی واقع ہوئی ہے۔

(د)ضلع راجن پور میں گاڑیوں کی رجسٹریشن /ٹوکن ٹیکس /ٹرانسفر کی مد میں مالی سال24۔ 2023 مبلغ۔/Rs.41,036,739اور 01.07.2024 تا اکتوبر2024تک مبلغ۔/Rs.1,33,65,999خزانہ سرکار میں جمع ہوئے ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 13 دسمبر 2024)

## راولپنڈی محکمہ ایکسائز میں شراب کے پرمٹ جاری کرنے سے متعلق تفصیلات

*1847: **جناب محمد بلال یامین:** کیاوزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

ضلع راولپنڈی میں محکمہ ایکسائز نے اب تک شراب کے کتنے پرمٹ جاری کئے ہیں ان افراد کے نام اور پرمٹ کی تعداد سے آگاہ کیا جائے؟

(تاریخ وصولی 22 ستمبر 2024 تاریخ ترسیل یکم نومبر 2024)

### جواب

**وزیر آبکاری، محصولات وانسداد منشیات**

ضلع راولپنڈی محکمہ ہذا نے موجودہ مالی سال 25-2024، نومبر 15 تک 5671 شراب کے پرمٹ جاری کیے ہیں۔ جن افراد کو شراب کے پرمٹ جاری کیے ہیں ان کے ناموں کی فہرست پرچم "الف "ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

لاہور　　　　　　　　　　چودھری عامر حبیب

مورخہ 14 دسمبر 2024　　　　　　　　　　سیکرٹری جنرل

19 واں اجلاس

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## توجہ دلاؤ نوٹسز (Call Attention Notices)

## بروز سوموار مورخہ 16 دسمبر 2024

### سیالکوٹ: ڈسکہ میں زہرہ قدیر نامی خاتون کا سسرال کے ہاتھوں قتل سے متعلق تفصیلات

**181: محترمہ اسماء احتشام الحق:** کیا وزیر اعلیٰ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گی کہ: -

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مورخہ 15 نومبر 2024 کو ڈسکہ سے تعلق رکھنے والی زہرہ قدیر نامی خاتون کو اس کے سسرال نے تشدد کر کے قتل کر دیا اور اس کی لاش کے کئی ٹکڑے کر کے اسے نالے میں پھینک دیا اس خاتون قتل میں اس کی ساس اور نند ملوث تھیں۔

(ب) حکومت اپنی زیر نگرانی زہرہ قدیر کی ساس اور اس کی نندوں کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کروائے اور مجرموں کو سخت سے سخت سزا دی جائے۔ تاکہ قاتل پیسے یا طاقت کا استعمال کرتے ہوئے قانون کے کٹہرے سے نہ بچ سکیں نیز اب تک اس واقعہ کی مکمل تفتیش سے آگاہ فرمائیں۔

### رحیم یار خان صادق آباد شہر سے مقامی بیکری کے مالک عثمان مقبول کے اغواء سے متعلق تفصیلات

**183: جناب سجاد احمد وڑائچ:** کیا وزیر اعلیٰ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گی کہ: -

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مورخہ 02 دسمبر 2024 کو ضلع رحیم یار خان صادق آباد شہر کے عین وسط سے مقامی بیکری کے مالک عثمان مقبول نامی شخص کو ان کے گھر کے قریب سے اغواء کر لیا گیا۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ اس وقوعہ کی ایف آئی آر نمبر 24/1890 تھانہ سٹی صادق آباد ضلع رحیم خان میں درج کر لی گئی ہے اب تک اس واقعہ پر پولیس نے کیا کارروائی عمل میں لائی ہے مکمل تفصیلات سے آگاہ فرمائیں۔

لاہور — چودھری عامر حبیب

مورخہ 14 دسمبر 2024 — سیکرٹری جنرل